فوری ریلیز کے لیے: 1/11/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

## ***گود لینے کے عمل کے بارے میں ماہِ آگاہی کے آغاز پر، گورنر HOCHUL نے گود لینے کے عمل سے متعلقہ سروسز کے لیے 4.7$ ملین کا اعلان کیا***

### ***فنڈنگ کا اعلان گود لینے کے عمل کے ماہِ آگاہی سے مطابقت رکھتا ہے؛ ایونٹ میں Darryl "DMC" McDaniel اور ریاستی کارروائیوں کی ڈائریکٹر Kathryn Garcia شامل ہیں***

### ***بچوں اور خاندانوں کی معاونت کے لیے گود لینے کے عمل کی سروسز کے بارے میں آگاہی کو اجاگر کرنے کے لیے سوشل میڈیا کی نئی مہم BeTheChangeNY#***

گورنر Kathy Hochul نے ریاستی دفتر برائے اطفالی و خاندانی خدمات ( Office of Children and Family Services) کے زیر انتظام گود لینے کے عمل سے متعلقہ سروسز کے وسیع سلسلے کے لیے آج 4.7$ ملین کی وفاقی فنڈنگ کا اعلان کیا۔فنڈنگ کا اعلان گود لینے کے عمل کے ماہِ آگاہی کے آغاز اور ریاستی ڈائریکٹر برائے آپریشنز Kathryn Garcia اور معروف ہپ ہاپ گروپ Run-DMC کے بانی ممبر، "Darryl "DMC McDaniels پر مشتمل ایک ایونٹ سے ہوا - جو کہ دونوں ہی بچپن میں گود لیے گئے تھے اور اب گود لینے کے عمل اور فوسٹر کیئر میں موجود بچوں کے طاقت ور وکلاء ہیں۔

"اس بات میں کوئی مبالغہ آرائی نہیں کہ ایک محبت کرنے والے، معاونتی گھرانے کا بچے کی زندگی پر کس قدر مثبت اثر اور اہم کردار ہو سکتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "Kathryn اور Darryl کی کہانیاں ہزاروں میں سے صرف دو ہیں جو کہ ریاست نیویارک کے ان بچوں کو مدد دینے کے لیے شاندار کام کو ظاہر کرتی ہیں جو گود لیے جانے کے متلاشی ہیں۔ یہ فنڈنگ، ہماری مسلسل سرمایہ کاریوں کے ساتھ، مزید بچوں کو ایسے مستحکم، محبت کرنے والے گھرانوں اور جگہ سے مربوط کرنے میں مدد دے گی کہ جسے وہ آخرکار ہمیشہ کے لیے گھر کہہ سکیں گے۔"

"ایک مستحکم اور مضبوط گھر کا ماحول ہر بچے کا حق ہے۔ کانگریس کے سابق رکن کے طور پر، میں نیویارک اور مملکت بھر کے بچوں اور خاندانوں کے حقوق کے لیے لڑا ہوں، اور لیفٹیننٹ گورنر کے طور پر میں ایسا کرنا جاری رکھوں گا،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا، جنہوں نے آج البانی کیپٹل سینٹر کے ایونٹ میں شرکت کی۔** "مجھے ایسی انتظامیہ کا حصہ ہونے پر فخر ہے جو ایسے پروگرامز میں سرمایہ کاری کر رہی ہے کہ جو فوسٹر کیئر میں بچوں کو تحفظ دیتے ہیں، گود لینے کے عمل اور سرپرستیوں میں اضافہ کرتے ہیں، اور ایسے بچوں اور گھرانوں کے لیے اہم تربیتیں، معاونتیں اور خدمات فراہم کرتے ہیں جو گود لینے کے عمل کے اپنے سفر کا آغاز کرنے والے ہوں۔"

اس موسمِ خزاں میں، ریاست نیویارک کو گود لینے کے عمل اور سرپرستی کی مد میں 4.7$ ملین کی وفاقی ترغیبی گرانٹ موصول ہوئی۔ OCFS اس فنڈنگ کو گود لینے والے گھرانوں کی تعیناتی کے لیے، گود لینے کے عمل کے کیس ورک کو بہتر بنانے کے لیے تربیت یا کانفرنسز کے لیے، اور گود لینے کے عمل سے متعلقہ بہبودی طفلی خدمات کے وسیع سلسلے کے لیے استعمال کرے گا، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہے:

- ہارٹ گیلری NYC کے ساتھ تعاون کردہ، **ہارٹ گیلری نیویارک**، جس نے فوسٹر کیئر میں موجود ان 57 بچوں کی تصاویر پر مبنی پانچ گیلریز قائم کیں جو مستقل گھروں کے انتظار میں ہیں۔ گیلریوں کا مقصد نیویارک کے منتظر بچوں کے بارے میں اگاہی اجاگر کرنا ہے، کیمونٹی کو ان کی فلاح و بہبود میں مشغول کرنا اور ان کے لیے مستقل گھر حاصل کرنا ہے۔

- **ایڈاپشن البم**، ایسی سروس ہے جو ایسے بچوں کی فہرست فراہم کرتی ہے جو گود لیے جا سکتے ہیں جن کو جنس، عمر، اور بہن بھائیوں کے گروپ کے ذریعے تلاش کیا جا سکتا ہے۔ البم گود لینے کے عمل کے بارے میں مزید جاننے کی خاطر مقامی ضلع کے لیے نام اور رابطہ معلومات فراہم کرتی ہے۔

- **وینڈیز ونڈرفل کڈز**، ایک ایسا پروگرام ہے جو مقامی سماجی سروسز کے محکموں کو گود لینے والے گھرانوں کی تعیناتی کرنے کے لیے معاونت فراہم کرتی ہے۔ اس معاونت میں ان محکموں کو، گود لینے کے عمل کے ماہرین کی خدمات حاصل کرنے میں مدد دینا شامل ہے جو فوسٹر کیئر میں موجود بچوں کے لیے مستقل خاندان تلاش کرنے کے لیے وقف ہیں جنہیں عموماً نظر انداز کیا جاتا ہے۔

فنڈنگ ریاست نیویارک کے 16 علاقائی مستقلی وسیلہ جاتی مراکز ( Regional Permanency Resource Centers) کی جانب $5 ملین سرمایہ کاری پر قائم ہے۔ یہ مراکز ریاست بھر میں بچوں اور خاندانوں کے لیے گود لینے کے عمل کی پیشگی اور بعد از سروسز اور معاونتیں دونوں مہیا کرتے ہیں۔

**ریاست نیویارک کی ڈائریکٹر برائے آپریشنز Kathryn Garcia نے کہا،** "فوسٹر کیئر میں تقریباً 700 بچے ابھی بھی گود لینے والے خاندانوں کے شدت سے منتظر ہیں۔ جب میں اپنی گود لینے کی کہانی کے بارے میں سوچتی ہوں، تو یہ واضح ہے کہ ہر ایک کو اپنی پرورش اور معاونت کے لیے ہمیشہ ایک خاندان کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہمیشہ کے لیے گھر تلاش کرنا گود لینے کی تعلیم اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے وسائل فراہم کرنے سے شروع ہوتا ہے کہ گود لینے والے خاندانوں کے پاس ایک ساتھ رہنے اور کامیاب ہونے کے ٹولز موجود ہوں۔"

اس تقریب نے ریاست بھر میں ان ہزاروں گود لینے والے والدین کے لیے خوشی کا اظہار بھی کیا گیا جنہوں نے اس پکار پر لبیک کہا اور فوسٹر کیئر میں موجود بچوں کو محبت دینے اور اپنانے کی خاطر زندگی بھر کا عزم کرنے کے لیے آگے آئے۔ ریاست نیویارک میں، 2017 سے فوسٹر کیئر میں موجود 7,500 بچوں کو گود لیا جا چکا ہے۔

ماہِ آگاہی برائے گود لینے کے عمل کو اجاگر کرنے کے لیے، دفتر برائے اطفالی و خاندانی خدمات #NY_تبدیلی_کا_حصہ_بنیں مہم کا آغاز کر رہا ہے۔ اس کوشش کا مقصد نیویارک کے باشندوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے کہ وہ گود لینے کے عمل کے بارے میں خود آگاہی حاصل کریں اور مستقل گھرانوں کے منتظر بچوں کے لیے اپنے گھر کے دروازے کھولنے پر غور کریں۔

**ریاست نیویارک دفتر برائے اطفالی و خاندانی خدمات کی کمشنر Sheila J. Poole نے کہا،** "مجھے اعزاز حاصل ہے کہ ریاست نیویارک کی ڈائریکٹر برائے آپریشنز Kathryn Garcia اور مشہور موسیقار Darryl McDaniels نے اپنے گود لینے کے عمل کی بیتے ہوئے تجربات کا اشتراک کیا۔ ان کی متاثر کن کہانیاں بطور یاددہانی کام کرتی ہیں کہ تمام بچے ایک ایسے گھر کے مستحق ہیں جہاں ان کے ساتھ پیار، عزت اور خلوص سے پیش آیا جا سکے۔ جیسا کہ ہم گود لینے کے عمل سے متعلق ماہِ آگاہی کا ادراک کرتے ہیں، تو یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ ہر ایک دن کوئی نہ کوئی فرد کسی بچے کی زندگی بدلنے کا انتخاب کر سکتا ہے۔"

McDaniels، ایک نیویارک کا مقامی باشندہ، جس کو 35 سال کی عمر میں معلوم ہوا کہ وہ فوسٹر کیئر میں تھا اور بعد میں اسے گود لیا گیا تھا۔ اس نے غیر منافع بخش فیلکس تنظیم (Felix Organization) کی بنیاد رکھی، جو فوسٹر کیئر میں بچوں کے لیے تعلیمی اور بالیدگی کے مواقع فراہم کرتی ہے، اور اپنی مسلسل کوششوں کے لیے کانگریشنل اینجلز ان ایڈاپشن ایوارڈ (Congressional Angels in Adoption Award) حاصل کیا۔

**نمائندہ Brian Higgins نے کہا،** "گود لینے اور سرپرستی کے پروگرامز ہر سال ہزاروں بچوں کے لیے محفوظ اور مستقل قیام گاہ مہیا کرتے ہیں۔ یہ وفاقی سرمایہ کاری نہ صرف گود لینے سے منسلک انتظامی عمل کو بہتر بنائے گی، بلکہ ان خاندان کو بہتر طریقے سے تیاری کرنے کی خاطر وسائل بھی فراہم کرے گی تاکہ وہ گود لیے جانے والے بچوں کو خوش آمدید کہہ سکیں۔ اس سے ان ہزاروں بچوں پر فرق پڑے گا جو نئے خاندانوں میں مستقل طور پر منتقل ہونے کے منتظر ہیں۔"

**نمائندہ Jamaal Bowman نے کہا،** "گود لینے کے عمل سے نیویارک کے ہزاروں خاندانوں کو مکمل ہونے میں مدد ملتی ہے، اور گود لینے کے عمل سے متعلق سروسز کے لیے گورنر Hochul کی اضافی فنڈنگ بہت ضروری ہے اور سراہی گئی ہے۔ یہ مناسب ہے کہ یہ وفاقی فنڈنگ اب، گود لینے سے متعلق ماہِ آگاہی کے دوران ہو رہی ہے۔ گود لینے کے لیے منتظر گھرانوں اور ان بچوں کو ملانا، جن کو گود لینے کی ضرورت ہے، تاحال ایک چیلنج ہے، اور کچھ فنڈز گود لینے والے خاندانوں کو مقرر کرنے اور پیار دینے والے خاندانوں کے لیے مزید مواقع پیدا کرنے کی طرف خرچ کیے جائیں گے۔ تمام بچے ایک محبت و پیار دینے والے اور معاونتی گھر میں پلنے کے مستحق ہیں۔ یہ ان کی فلاح و بہبود اور ہمارے معاشرے کی نشوونما کے لیے اہم ہے۔ میں ان لوگوں کا تاحال شکر گزار ہوں جو یہ اہم کام کر رہے ہیں اور گود لینے کے عمل سے پہلے، اس کے دوران اور بعد میں - اس کی ضروری فعالیت کی وکالت کر رہے ہیں۔"

**فیلکس تنظیم کے بانی Darryl McDaniels نے کہا،** "میری قسمت اچھی تھی کہ مجھے گود لیا گیا۔ اس سے مجھے اس مقام تک پہنچنے میں مدد ملی جہاں میں نے جانا تھا اور مجھے وہ بن جانے میں مدد ملی جو مجھے بننا چاہیئے تھا۔ یہ ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوسٹر کیئر میں موجود تمام بچوں کی ضروریات کی وکالت، حفاظت، اور ان کا احترام کریں تاکہ وہ خوشحال ہو سکیں اور اپنے خوابوں کو حاصل کر سکیں، چاہے ان کے حالات کچھ بھی ہوں۔"

ریاست نیویارک دفتر برائے اطفالی و خاندانی خدمات بچوں، گھرانوں اور کمیونٹیز کی حفاظت، مستقل مزاجی اور فلاح و بہبود کو فروغ دے کر، نیویارک کے عوام کی خدمت کرتا ہے۔ یہ ایجنسی خاندانی معاونت، کم سنوں کے لیے مرکزِ انصاف، نوجوانوں کی ترقی، طفلی نگہداشت اور طفلی فلاح و بہبود کی سروسز کا ایک نظام فراہم کرتی ہے اور ایسے پروگرامز اور سروسز کی ذمہ دار ہے جن میں فوسٹر کیئر، گود لینے کے عمل اور گود لینے میں مدد، بچوں کی تحفظاتی سروسز، بچوں اور خاندانوں کے لیے تحفظاتی سروسز، حاملہ نوعمر خواتین کے لیے سروسز اور تحفظاتی پروگرامز برائے زدپذیر بالغان شامل ہیں۔ مدد کرنے یا گود لینے والے ذمہ دار والد/والدہ بننے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، 1-800-345-KIDS پر کال کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418